مولانا حامد الحق حقانی
مدرس جامعہ دارالعلوم حقانیہ

دارالعلوم کے شب و روز

امام کعبہ شیخ صالح بن حمید کی حضرت مہتمم مدظلہ سے ملاقات

۲۸۔اکتوبر کو امام کعبہ شیخ صالح بن عبداللہ بن حمید حفظہ اللہ (رئیس مجمع الفقہ الاسلامی) کی حضرت مہتمم صاحب سے اسلام آباد میں ملاقات ہوئی۔راقم حامد الحق ،اور برادرم مولانا راشد الحق ،مولانا احمد شاہ بھی اس موقع پر موجود تھے۔ملاقات کے دوران ملکی و بین الاقوامی امت مسلمہ کو درپیش مسائل پر تبادلہ خیال کیا۔بعد میں امام صاحب کے ہمراہ ان کی گاڑی میں فیصل مسجد اسلام آباد تشریف لے گئے اور وہاں امام صاحب نے نماز مغرب کی امامت فرمائی۔اس موقع پر فیصل مسجد میں آٹھ دس چھوٹے بچوں کو امام صاحب نے سورہ فاتحہ پڑھائی جس میں مولانا راشد الحق صاحب کے دس سالہ برخوردار محمد عمر اور محمد احمد بھی شامل تھے۔جن سے امام صاحب نے خصوصی پیار وشفقت اوردعاؤں سے نوازا۔

حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب کی حضرت مہتمم مدظلہ کی رہائش گاہ تشریف آوری

۹۔اکتوبر کو حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب،حضرت مولانا سمیع الحق صاحب کی رہائش گاہ اکوڑہ خٹک تشریف لائے جہاں انہوں نے ملکی و بین الاقوامی سیاسی صورتحال پر گفتگو کی۔

افغان سفیر کی حضرت مہتمم صاحب سے ملاقات

۲۲۔اکتوبر بروز اتوار کو پاکستان میں افغانستان کے سفیر جناب حضرت عمر زاخیلوال اور نائب سفیر زردشت شمس نے حضرت مولانا سمیع الحق صاحب سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی اور افغانستان کے تازہ بگڑتی ہوئی صورتحال پر ان سے تفصیلی گفتگو کی اور مولانا مدظلہ سے اس سلسلہ میں فوری موثر کردار ادا کرنے کی خواہش ظاہر کی،مولانا سمیع الحق نے موجودہ افغان سفیر کی امن کی خاطر جدوجہد اور تگ و دو کو سراہا۔

حضرت مولانا محمد طیب طاہری کی دارالعلوم آمد

۲۳۔اکتوبر: جماعت اشاعت التوحید و السنۃ کے امیر حضرت مولانا محمد طیب طاہری صاحب نے مہتمم